
7th June, 2024

# NEARLY 1 IN 5 PAKISTANIS (18.8%) WILLING TO RECYCLE IN ATTEMPT TO PREVENT CLIMATE CHANGE WHILE 42.1% REFUSE TO TAKE ACTION ON ANY OF THE CLIMATE ACTION STEPS ASKED IN THE SURVEY: GALLUP PAKISTAN & WIN WORLD SURVEY 2024

تقریباً ہر 5 میں سے 1 (18.8% ) پاکستانیوں کے مطابق وہ آب وہوا کی تبدیلی کو روکنے کیلئے ری سائیکلنگ کرنے ( یعنی چیزوں کو دوبارہ استعمال میں لانے) کو تیار ہیں، جبکہ 42.1% پاکستانیوں نےآب وہوا کی تبدیلیوں کی روک تھام کیلئے سروے میں پوچھے گئے اقدامات میں سے کسی بھی اقدام پر عمل کرنے سے انکار کردیا ۔

Question: Would you do any of the following to prevent climate change?




*Do not know/No response:15.2%*

(Also emailed*/faxed separately)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## عمومی

موسمیاتی تبدیلیاں

# تقریباً ہر 5 میں سے 1 (18.8%) پاکستانیوں کے مطابق وہ آب وہوا کی تبدیلی کو روکنے کیلئے ری سائیکلنگ کرنے (یعنی چیزوں کو دوبارہ استعمال میں لانے) کو تیار ہیں، جبکہ 42.1% پاکستانیوں نے آب وہوا کی تبدیلیوں کی روک تھام کیلئے سروے میں پوچھے گئے اقدامات میں سے کسی بھی اقدام پر عمل کرنے سے انکار کر دیا۔


**(گیلپ پاکستان اور ون ورلڈ سروے 2024)**

(اسلام آباد، 07جون، 2024)

گیلپ&گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، تقریباً ہر 5 میں سے 1 (18.8%) پاکستانیوں کے مطابق وہ آب وہوا کی تبدیلی کو روکنے کیلئے ری سائیکلنگ کرنے (یعنی چیزوں کو دوبارہ استعمال میں لانے) کو تیار ہیں، جبکہ 42.1% پاکستانیوں نے آب وہوا کی تبدیلیوں کی روک تھام کیلئے سروے میں پوچھے گئے اقدامات میں سے کسی بھی اقدام پر عمل کرنے سے انکار کر دیا۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین وحضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ آب وہوا کی تبدیلی کو روکنے کے لئے مندرجہ ذیل میں سے کون کون سے اقدامات کریں گے؟"**۔اس سوال کے جواب میں18.8% جوابدہندگان کے مطابق وہ آب وہوا کی تبدیلی کو روکنے کے لئے ''ری سائیکلنگ کریں گے یعنی ایسی چیزوں کو دوبارہ استعمال میں لائیں گے''، 18.0% جوابدہندگان کے مطابق وہ'' گاڑی کا استعمال کرنا چھوڑ دیں گے''، 7.3% جوابدہندگان کے مطابق وہ''گوشت کھانا چھوڑ دیں گے''، 6.9% جوابدہندگان کے مطابق وہ''صرف آرگینک فوڈ کی خریداری کریں گے''، 6.6% جوابدہندگان کے مطابق وہ'' ہوائی جہاز سے سفر کرنا چھوڑ دیں گے''، 5.8% جوابدہندگان کے مطابق وہ آب وہوا کی تبدیلی کو روکنے کے لئے''فاسٹ فیشن (یعنی وہ برانڈز جو فروخت کر سکتے ہیں اس سے زیادہ پیداوار کرتے ہیں اور کم قیمت کی وجہ سے زیادہ استعمال کو فروغ دیتے ہیں) کی خریداری بند کر دیں گے''، جبکہ 42.1% کے مطابق وہ آب وہوا کی تبدیلی کو روکنے کے لئے مندرجہ بالا میں سے کوئی بھی اقدامات نہیں کریں گے، تاہم 15.2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ آب وہوا کی تبدیلی کو روکنے کے لئے مندرجہ ذیل میں سے کون کون سے اقدامات کریں گے؟"**
**(ایک سے زائد جوابات ممکن ہیں)**






*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2024*
(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)

## عالمی ممالک کے اعتبار سے نتائج:

پاکستان کی طرح دنیا بھر میں جوابدہندگان کی سب سے زیادہ شرح آب وہوا کی تبدیلی کو روکنے کیلئے ری سائیکلنگ کرنے کو تیار ہیں، اسی طرح اے پیک (APAC) اور مینا (MENA) ریجن میں بھی آب وہوا کی تبدیلیوں کی روک تھام کیلئے ری سائیکلنگ کی شرح سب سے زیادہ پائی گئی۔ تاہم، پاکستان کی نسبت دنیا بھر میں لوگوں کی ایک بہت بڑی تعداد موسمیاتی تبدیلی کی روک تھام کیلئے حقیقی اقدامات کرنے کو بھی تیار ہیں۔




*Source: Gallup Pakistan & WIN World Survey 2024*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کے 1,000 مرد وخواتین سے 3 تا 17 جنوری 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**GALLUP PAKISTAN**
Affiliated with Gallup International

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 7th June 2024**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating 44 years of Gallup Pakistan (1980-2024)